نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کی سموگ کنٹرول کیلئے کاروائیاں جاری

لاہور:**15 ستمبر 2026**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق سموگ کنٹرول پروگرام کے تحت محکمہ زراعت پنجاب کی کاروائیاں جاری ہیں۔دھان کے علاقوں میں کاشتکاروں کیلئے آگاہی مہم کے سلسلہ میں مساجد سے 23 ہزار سے زائد اعلانات کرائے گئے جبکہ 3 لاکھ 71 ہزار سے زائد تنبیہی نوٹسز جاری کئے گئے ہیں۔محکمہ زراعت پنجاب کی جانب سے آگاہی مہم کو مزید نتیجہ خیز بنانے کیلئے سوشل میڈیا کا موثر استعمال بھی کیا جارہا ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ سموگ کے خلاف جاری مہم کو مزید موثر بنانے کیلئے 141 عوامی نمائندوں سے رابطے کئے گئے ہیں۔اس کے علاوہ دھان کی باقیات کی تلفی کیلئے 163 بیلرز اور 1259 کبوٹا ہارویسٹرز فیلڈ میں کام کر رہے ہیں۔مزید براں، دھان کے علاقوں میں محکمہ زراعت پنجاب کے خصوصی 145 اینٹی سموگ سکواڈز موجود ہیں جو مسلسل مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔اب تک صوبہ بھر میں دھان کی فصل کو آگ لگانے کے 20 واقعات ہوئے ہیں اور 18 افراد خلاف ورزی کے مرتکب پائے گئے ہیں۔اب تک دھان کی باقیات کو آگ لگانے والے عناصر کو مجموعی طور پر 3 لاکھ 30 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا ہے جبکہ 1 ایف آئی آر کا اندراج عمل میں لایا جاچکا ہے۔

☆☆☆☆